# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 06 January-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۶ رجنوری ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

:::::: سرخیاں ::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ بھارت مستقبل میں تیسری بڑی عالمی معیشت بنے گا: وزیرِ اعظم کا اظہارِ اعتماد۔

☆ بیڑ ضلعے کے قتل کی واردات پر سیاست نہ کرنے کی وزیرِ اعلیٰ کی تلقین؛ جبکہ اس واردات کے پیشِ نظر چار پولس افسران کے تبادلے۔

☆ آئندہ پانچ برسوں میں ریاست میں 10 ہزار امدادِ باہمی ادارے قائم کیے جائیں گے: وزیر برائے امدادِ باہمی بابا صاحب پاٹل کا اعلان۔

اور۔۔۔☆ ساہتیہ اکیڈمی اعزاز حاصل کرنے پر ڈاکٹر سدھیر رَساڑ کا مراٹھواڑہ ساہتیہ پریشد کی جانب سے استقبال۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے اس اعتماد کا اظہار کیا ہے کہ بھارت مستقبل میں بہت جلد دنیا کی تیسری بڑی معیشت بنے گا۔ دارالحکومت دہلی میں کل ریلوے، میٹرو اور صحتِ عامہ سے متعلق 12 ہزار 200 کروڑ روپئوں کی اسکیموں کا افتتاح وزیرِ اعظم کے ہاتھوں عمل میں آیا۔ اس ضمن میں روہنی میں منعقدہ پروگرام سے وہ خطاب کر رہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ آئندہ 25 برسوں میں ہم بھارت کو ترقی یافتہ ملک بنتا ہوا دیکھیں گے اور خواہش ظاہر کی کہ دہلی کو اس ترقی یافتہ ملک کے دارالحکومت کے طور پر مزید ترقی یافتہ بننا چاہیے۔ انھوں نے کہا:

*''اب آنے والے پچیس سال بھارت کے بھوشیے کیلئے دِلّی کے بھوشیے کیلیے بہت ہی مہتو پورن ہیں، یہ پچیس سال*
*بھارت کو وِکست راشٹر بنتے ہوئے دیکھیں گے، یہ بھارت کو آدھونکتا کے ایک نئے دور سے گذرتا ہوا دیکھیں گے*
*جب بھارت دنیا کی تیسری بڑی آرتھک طاقت بنے گا۔''*

***** ***** *****

وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کہا ہے کہ انفراسٹرکچر ڈیولپمنٹ میں مہاراشٹر اب ملک بھر میں سرِ فہرست ہے۔ ریاست کے مختلف مقامات پر مہاریل کی جانب سے تعمیر کردہ فلائی اوور کا کل ناگپور میں وزیرِ اعلیٰ کے ہاتھوں افتتاح عمل میں آیا۔ اس موقع پر اپنے خطاب میں پھڑنویس نے بتایا کہ مہاریل کے زیرِ انتظام 200 ریلوے فلائی اوور اور زیرِ زمین راستوں کے کام بہت جلد مکمل کر لیے جائیں گے۔ میٹرو، قومی شاہراہ، ریاستی شاہراہ، طیران گاہوں کی ترقی اور بندرگاہوں کی ترقی اس نوعیت کے تمام شعبوں میں دور اندیشی کے ساتھ تعمیر و توسیع کا کام شروع کیا گیا تھا۔ انھوں نے کہا کہ گذشتہ دہائی میں ملک میں ہونے والے انفراسٹرکچر کے کاموں میں سب سے زیادہ تعمیراتی منصوبے مہاراشٹر میں ہی تیزی سے زیرِ تکمیل ہیں اور اب بھی بہت سے کام کیے جانے ہیں۔ وزیرِ اعلیٰ نے کہا کہ مہاریل کمپنی کو دیئے گئے کام کمپنی نے معیاری اور نہایت کم وقت میں پایۂ تکمیل تک پہنچا کر ایک نیا بنچ مارک قائم کیا ہے۔

***** ***** *****

اسی دوران ناگپور میں اخبار نویسوں سے گفتگو کرتے ہوئے پھڑنویس نے کہا کہ بیڑ ضلع کے مسّا جوگ کے سرپنچ سنتوش دیشمکھ کے قتل کے معاملے میں حکومت اور پولس پوری قوت سے کارروائی کر رہی ہے اور تیقن دیا کہ خاطیوں کو چھوڑا نہیں جائے گا۔ اس معاملے کی تحقیقات ہونے دی جائے اور محض سیاست کیلئے اس کا استعمال نہ کیا جائے۔ وزیرِ اعلیٰ نے مزید کہا کہ اس واردات کو بہانہ بنا کر جو لوگ غنڈہ گردی کر رہے ہیں اور ہفتے وصول کر رہے ہیں اس طرح کے تمام افراد کے خلاف کارروائی کا فیصلہ کیا جاچکا ہے۔

***** ***** *****

بیڑ ضلع میں قتل کے معاملے میں پولس سپرنٹنڈنٹ نونیت کانوت نے چار افسران کے تبادلے کردیئے ہیں۔ ان میں جبری رُخصت پر بھیجے گئے پولس افسر پرشانت مہاجن بھی شامل ہیں۔ اب پولس انسپکٹر ویبھو پاٹل کیج پولس اسٹیشن کے انچارج کی حیثیت سے کام دیکھیں گے۔

***** ***** *****

سنتوش دیشمکھ قتل کی مذمت میں کل پونا میں عوامی احتجاجی جلوس نکالا گیا۔ جلوس میں شامل ہزاروں شہریوں نے مطالبہ کیا کہ دیشمکھ کے قاتلوں کو پھانسی کی سزا دی جائے۔ جلوس میں سنتوش دیشمکھ کے افرادِ خاندان کے علاوہ کانگریس رہنماء پرتھوی راج چوہان، رُکنِ پارلیمان بجرنگ سونونے، بی جے پی کے سریش دھس اور مراٹھا ریزرویشن رہنماء منوج جرانگے پاٹل نے بھی شرکت کی۔

دریں اثناء رُکنِ پارلیمان بجرنگ سونونے، رُکنِ اسمبلی سریش دھس، رُکنِ اسمبلی سندیپ شرساگر، منوج جرانگے، انجلی دمانیہ اور دیگر کے خلاف سماجی منافرت پھیلانے کے الزام پر مقدمات درج کرنے کا مطالبہ بیڑ کے شہریوں نے کیا ہے۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

وزیر برائے اُمورِ امدادِ باہمی بابا صاحب پاٹل نے کہا ہے کہ ریاست میں امدادِ باہمی تحریک از سرِ نو کھڑی کرنے کی ضرورت ہے، اس لیے آئندہ پانچ برسوں میں 10 ہزار کوآپریٹیو سوسائٹیز قائم کرنے کی حکومت کی پالیسی ہے۔ کل شولاپور میں خطاب کرتے ہوئے وزیرِ موصوف نے کہا کہ کوآپریٹیو سوسائٹیز کو قرض کی فراہمی اور وصولی سے آگے بڑھ کر امداد باہمی کے بنیاد پر مختلف صنعتیں قائم کرنے کی اجازت دی جائیگی۔ انھوں نے کہا کہ دودھ فیڈریشن کے چیئرمن اور سیاسی افراد کی بدعنوانیوں کے باعث یہ شعبہ مشکلات سے دوچار ہے۔ امدادِ باہمی تحریک کی بقاء اور ترویج کیلئے قوانین میں شفافیت اور سخت اقدامات کی ضرورت ہے۔

***** ***** *****

بھارتیہ جنتا پارٹی کی تنظیم سازی کے تحت کل ریاست بھر میں رُکنیت سازی کی مہم چلائی گئی۔ ناگپور میں وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس کے ہاتھوں ریشم باغ کے مہاتما پھلے ہال میں رُکنیت سازی کا افتتاح کیا گیا۔ دھاراشیو ضلع کے عمرگہ میں سابق وزیر بسوراج پاٹل نے بی جے پی کے نئے اراکین کے اندراج کی مہم کا افتتاح کیا۔

***** ***** *****

ساہتیہ اکیڈمی کی جانب سے ایوارڈ کا اعلان کیے جانے پر بزرگ نقاد ڈاکٹر سدھیر رَساڑ کا کل چھترپتی سمبھاجی نگر میں مراٹھواڑہ ساہتیہ پریشد کی جانب سے استقبال کیا گیا۔ اس موقعے پر ساہتیہ پریشد کے صدر کوتک راؤ ٹھالے پاٹل، بزرگ نقاد چندرکانت پاٹل، سمیتا رَساڑ، ڈاکٹر دادا گورے اور دیگر اہم شخصیات موجود تھیں۔

***** ***** *****

بیڑضلع کے دیہی علاقوں میں انفرادی حفظانِ صحت اور صفائی کو فروغ دینے کیلئے سالڈ ویسٹ اور استعمال شدہ پانی کے نکاس کیلئے بہترین خاندان مقابلے منعقد کیے گئے ہیں۔ ضلع کے ہر خاندان کے پاس ذاتی بیت الخلاء‘ سپٹک ٹینک‘ ویسٹ ٹینک اور کچرے کیلئے علیحدہ سبز اور نیلے رنگ کے دو کوڑے دان رکھنے والے خاندان ان مقابلوں میں حصہ لینے کے اہل ہوں گے۔ 26 جنوری کو اس طرح کے خاندانوں کو انعامات دیئے جائیں گے۔ ان مقابلوں میں ضلع کے چار لاکھ 72 ہزار 379 خاندان حصہ لے رہے ہیں۔

***** ***** *****

سویابین کے کاشتکاروں کو ضمانتی نرخ اسکیم کا فائدہ پہنچانے کیلئے سویابین کی خریدی میں 45 دنوں کی توسیع کیے جانے کا مطالبہ تلجاپور کے رکنِ اسمبلی رانا جگجیت سنگھ پاٹل نے مارکیٹنگ کے وزیر جئے کمار راول سے کیا ہے۔ اس سلسلے میں اطلاع دیتے ہوئے پاٹل نے کہا کہ ابتداء میں چندرُ کا وٹوں کے سبب کسان اپنی سویابین فروخت کرنے کیلئے مرکز تک نہیں پہنچ پائے۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلع میں مالے گاؤں یاترا کے مختلف مقابلوں کے تقسیمِ انعامات کل رکنِ اسمبلی پرتاپ پاٹل چکھلیکر کے ہاتھوں عمل میں آئے۔ اس پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ مالیگاؤں یاترا محض ایک میلہ نہیں ہے بلکہ کسانوں کو ان کی جفاکشی کے اعزاز سے نوازنے کا ایک پلیٹ فارم ہے۔ اسی دوران کل ان مقابلوں کے آخری دِن مختلف مقابلے اور اختتامی سرکاری پروگرام منعقد ہوئے۔

***** ***** *****

یشونت راؤ چوہان مہاراشٹر اوپن یونیورسٹی کے مختلف کورسیز کے تحریری امتحانات 7 تا 23 جنوری کے درمیان ہوں گے۔ تعلیمی سال 25-2024 کے سرمائی سیمسٹر میں داخلہ لینے والے ریگولر طلبہ اور مئی 2024 کے امتحانات میں ناکام ہونے والے طلبہ بھی ان امتحانات کا حصہ ہوں گے۔ ریاست کے مختلف 235 مراکز پر یہ امتحانات ہوں گے۔

***** ***** *****

جنوب وسطی ریلوے کے ناندیڑ شعبے نے سنکرانتی تہوار کے موقع پر ہونے والے عوامی ہجوم کے پیشِ نظر چند خصوصی ٹرینیں چلانے کا فیصلہ کیا ہے۔ کاکی ناڑا۔ ناندیڑ خصوصی ٹرین آج اور 13 جنوری کو دوپہر تین بجکر 25 منٹ پر ناندیڑ سے روانہ ہوگی اور منگل کو صبح آٹھ بجکر 10 منٹ پر کاکی ناڑا پہنچے گی۔ واپسی کے سفر میں یہ ٹرین 7 اور 14 جنوری کو کاکی ناڑا سے روانہ ہوگی۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:

☆ بھارت مستقبل میں تیسری بڑی عالمی معیشت بنے گا: وزیرِ اعظم کا اظہارِ اعتماد۔

☆ بیڑ ضلعے کے قتل کی واردات پر سیاست نہ کرنے کی وزیرِ اعلیٰ کی تلقین؛ جبکہ اس واردات کے پیشِ نظر چار پولس افسران کے تبادلے۔

☆ آئندہ پانچ برسوں میں ریاست میں 10 ہزار امدادِ باہمی ادارے قائم کیے جائیں گے: وزیر برائے امدادِ باہمی بابا صاحب پاٹل کا اعلان۔

اور۔۔۔☆ ساہتیہ اکیڈمی اعزاز حاصل کرنے پر ڈاکٹر سدھیر رَساڑ کا مراٹھواڑہ ساہتیہ پریشد کی جانب سے استقبال۔

***** ***** *****

اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔